## 96604 ـ بیوی کو کہا: طہر کے بعد تم اپنے آپ کو مطلقہ سمجھنا

### سوال

میرے اور بیوی کے مابین اختلافات ہو گئے تو اس وقت بیوی حائضہ تھی میں نے اسے کہا: تم حیض کے بعد طہر میں اپنے آپ کو مطلقہ سمجھنا، اور حقیقت میں طہر کے بعد میری نیت طلاق دینا ہی تھی، لیکن طہر کے بعد میں نے نہ ت واسے طلاق دی اور نہ ہی اس کے قریب ہوا.
میں نے اپنے دل میں کہا: اگر میں نے اسے طلاق دی تھی تو اس سے رجوع کر لیا ہے، تو کیا اس طرح طلاق واقع ہو جاتی ہے یا نہیں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب آپ کی نیت تھی کہ طہر کے بعد اسے طلاق دو گے اور آپ نے طلاق نہیں دی تو ان الفاظ کے ساتھ طلاق واقع نہیں ہوئی.

ہم نے یہی سوال شیخ ڈاکٹر خالد المشیقح حفظہ اللہ کے سامنے پیش کیا ت وان کا جواب تھا:

" الحمد اللہ: اس طرح سے طلاق واقع نہیں ہوتی؛ کیونکہ خاوند کا مقصد تو آئندہ مستقبل میں طلاق دینے کا تھا لیکن اس نے طلاق دی نہیں " انتہی

واللہ اعلم .